مارچ 2025ء میں کاشتکاروں کے لیے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ فروری میں ملک کے بیشتر زرعی میدانوں میں معمول سے کم بارشیں ہوئیں جس کی وجہ سے فصلوں کو آبپاشی کی ضرورت رہی۔مارچ کے مہینے میں درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے۔مارچ 2025 کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔اس مہینے کے دوران پنجاب کے زرعی میدانوں میں گندم کی فصل پکنے کے مراحل میں ہو گی، تاہم سندھ میں کٹائی کا آغاز ہو جائے گا۔

اس ماہ میں کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔

۱۔ جنوبی علاقوں کے کسان حضرات اپنی فصلوں کی کٹائی / گہائی کے پروگرام محکمہ موسمیات کی پیشگوئیوں کے مطابق ترتیب دیں تاکہ کسی متوقع نقصان سے بچا جاسکے۔

۲۔ مارچ کے مہینے میں درجہ حرارت ماہ فروری کی نسبت کافی حد تک بڑھ جاتے ہیں۔ جس کے نتیجہ میں فصل کی نشوونما میں بھی تیزی آ جاتی ہے۔شمالی پہاڑی علاقوں میں شدید سردی کی وجہ سے گندم کی فصل کی نشوونما سست تھی جواب بہتر ہو جائے گی۔کوئٹہ جیسے بلند زرعی میدانوں میں گندم فروری کے مہینے میں بوٹا کرنے کے مرحلے میں تھی جو کہ مارچ کے مہینے میں تنا بنانے کے مرحلے میں داخل ہو جائے گی۔

۳۔ بارشوں کی وجہ سے جڑی بوٹیوں کے اگنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔تاہم جڑی بوٹیاں فصل کے پودوں سے عموماً زیادہ پانی استعمال کرتی ہیں اس لئے جڑی بوٹیوں کا کھیت سے خاتمہ اشد ضروری ہے۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے محکمہ زراعت کی سفارش کردہ مختلف کیمیائی ادویات استعمال کی جاسکتی ہیں۔اگر کیمیائی طریقے سے ممکن نہ ہو تو ہاتھ سے جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ماہرین زراعت اگر کھاد کے استعمال کا مشورہ دیں تو بارانی علاقوں کے کاشتکار جڑی بوٹی کا خاتمہ کر کے بارش کی پیشگوئی سے ایک دن قبل کھیتوں میں کھاد ڈال دیں۔

۴۔ زراعت کی کامیابی میں موسمی حالات کا بہت عمل دخل ہے اور بہتر حکمت عملی سے غیر موزوں موسمی حالات سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کو ملحوظ خاطر رکھ کر محکمہ زراعت کے ماہرین کی مشاورت سے اپنے معمولات طے کریں تو پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔ موسمی حالات سے متعلق مزید معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ جن کا پتہ درج ذیل ہے۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلا آباد۔فون نمبر: 4- 9250363- 051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈو جام۔فون نمبر: 0305-3097337

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔فون نمبر: 081-9211205

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ **www.pmd.gov.pk** ملاحظہ فرمائیں۔